چھان بین کرلے تب کہیں پاسکے۔

## ولی بننے کا نسخہ

میٹھے میٹھے اسلامی بھائیو! گانے باجے کی ہولناکیوں سے بچنے اور ایمان کے تحفّظ کا جذبہ بیدار کرنے کیلئے **دعوتِ اسلامی** کے مَدَنی قافلوں میں سفر کرنا اپنا معمول بنائیے۔ تمام اسلامی بھائی زندگی میں یکمشت ۱۲ بارہ ماہ' ہر ۱۲ بارہ ماہ میں ۳۰ تیس دن اور ہر ۳۰ تیس دن میں کم از کم ۳ تین دن مَدَنی قافلوں میں سفر کی نیت فرمائیں۔ کل اِن شاءَاللہ عزوجل اختتامی دُعاء کے بعد دوپہر کو' اسی اجتماع گاہ سے ۳۰ تیس دن' اور ۳ تین ۳ تین دن کے بے شمار مَدَنی قافلے سنّتوں کی تربیت کیلئے روزانہ ہوں گے آپ بھی ابھی سے قافلوں کے ساتھ سفر کی نیت فرمالیجئے۔ اگر آپ کوبااخلاق اور باکردار مسلمان بلکہ ولی بننے کی آرزو ہے تو میرے رسالے "**مَدَنی انعامات**" میں دیئے ہوئے ۷۲ مَدَنی انعامات کے مطابق اپنی زندگی کو گزارنے کی کوشش میں لگ جائیے۔ **مَدَنی انعامات** پر عمل کو مزید آسان بنانے کیلئے **مکتبۃُ المدینہ** نے **مَدَنی گلدستہ** نامی کتاب شائع کی ہے اس کو ضَرور حاصل کیجئے **مَدَنی گلدستہ** کا مطالعہ کرنے سے آپ کیلئے مَدَنی انعامات پر عمل کرنا ان شاءَ اللہ عزوجل بہت ہی آسان ہوجائے گا۔ **دعوتِ اسلامی** کے تمام ذمّہ داران کی خدمت میں پُرسوز مَدَنی التجاہے کہ اگر وہ اپنے اپنے علاقوں میں واقِعی سنّتوں کی بہاریں دیکھنے کے تمنائی ہیں تو میرے پیش کئے ہوئے **مَدَنی انعامات** کو خود بھی اپنائیں اور اپنے علاقوں میں باقاعِدہ نافِذ بھی فرمائیں اور ان کو رائج کرنے کیلئے فی ذیلی حلقہ مَدَنی انعامات کا ایک ایک ذمّہ دار مقرر فرمائیں۔ رسالہ مدنی انعامات میں اسلامی بہنوں کیلئے ۶۳ مَدَنی انعامات ہیں وہ بھی ان پر عمل کریں اور نگران اسلامی بہنیں بھی ہر ذیلی حلقے میں مَدَنی انعامات کی ایک ایک ذمّہ دار بنائیں۔

**سرکار ﷺ کا فرمان عبرت نشان ہے، جس نے (بلاوجہ شرعی) کسی مسلمان کو ایذادی اس نے مجھے ایذا دی اور جس نے مجھے ایذا دی اس نے اللہ عزوجل کو ایذا دی۔**

(فتاوی رضویہ ج ۱۰ نصفِ آخر ص ۷۴)

Marfat.com

